قواعد شوارع

حیدر آباد

مضامین

صفحات

اشارات ٹرافک

قواعد شوارع حیدرآباد

جملہ راہروؤں کے لئے ہدایات

عام

ہمیشہ دوسروں کا لحاظ رکھئے خوش اخلاق سے پیش آیئے اور احتیاط کیجئے۔ ایک ذمہ دار شہری کی حیثیت سے آپ کا فرض ہے کہ دوسرے راہروؤں کے حقوق کا لحاظ کریں اور اُن کے جائز استعمال سڑک میں رکاوٹ یا خطرہ پیدا نہ ہونے دیں۔

یاد رکھیئے کہ تمام اشخاص۔ پیدل چلنے والے۔ سیکل سوار۔ مویشی ھانکنے یا ان پرسواری کرنے والے۔ موٹر یا گاڑی چلانیوالے استعمال سڑک کا مساوی حق رکھتے ھیں۔ اور اُن کا یہ فرض ھے کہ ایک دوسرے کے حقوق کا لحاظ رکھیں۔ راستہ چلتے وقت ھمیشہ دوسرے راھروؤں کی سہولت کو مدنظر رکھیئے۔ انکی مشکلات میں اضافہ نہ کیجئے۔

دوسرے کی غلطی کے نتائج سے بچیئے۔ اس امید یا توقع پر کہ دوسرے آپ کی بے احتیاطی کے نتائج سے بچ نکلینگے خود کو خطرہ میں نہ ڈالئیے۔

بارش میں بطور خاص احتیاط کیجئیے۔ اس لئے کہ سڑکیں چکنی ہو جاتی ہیں اور راہرو اپنی نقل و حرکت پر کم قابو رکھتے ہیں۔

قاعدۂ شارع

(الف) گاڑیاں۔ ہر وقت سڑک کی بائیں جانب رہیئے بجز اس کے کہ دوسری گاڑیوں سے آگے بڑھنا یا کسی مزاحمت سے بچنا مقصود ہو۔ جب آگے بڑھنا ہو دائیں جانب سے بڑھیئے۔

بچے۔ بچوں کو سڑک کے خطرات سے آگاہ کیجئیے اور اُن سے بچنے کا طریقہ سکھلائیے (بچوں کیلئے خاص ہدایات اس کتاب کے آخر میں درج ہیں)۔

نوٹ:۔ یہ قاعدہ لازماً ایسے مقامات سے متعلق ہوگا جہاں ٹرافک کیلئیے خاص انتظامات ہوں۔ مثلاً ایسی سڑکیں جہاں "یکطرفہ راستہ" معین ہو وغیرہ۔

(ب) پیدل۔ ہمیشہ پیدل راستہ* پر چلیئے (جہاں موجود ہو) جہاں پیدل راستہ موجود نہو سڑک کے انتہائی کنارے پر چلیئے۔

نوٹ:۔ بہتر ہے کہ آپ سڑک کی دائیں جانب چلیں تاکہ آنیوالی ٹرافک کا سامنا رہے۔

(ج) مویشی جو ہانکے جارہے ہوں۔ مویشیوں کو ہمیشہ سڑک کی دائیں جانب سے ہانکنا چاہیئے تاکہ آنیوالی ٹرافک کا سامنا رہے۔

(د) مویشی جن پر سواری کیجارہی ہو۔ جو قاعدہ گاڑیوں کیلئے مقرر ہے اسپر عمل کیجئے بشرطیکہ کوئی دوسرا جانور ساتھ نہو۔

موٹر چلانیوالوں کے لئے ہدایات

(۱) ہمیشہ دوسروں کا لحاظ رکھیئے۔ خوش اخلاقی سے پیش آیئے اور احتیاط کیجئیے۔ دوسروں کی غلطی سے بچیئے اور بچوں پر بطور خاص نظر رکھیئے۔

(۲) بریکس۔ روزانہ سواری سے قبل اپنی موٹر کے بریکس کو آزما لیجئیے اور اطمینان کرلیجئیے کہ وہ اچھی

* Footpath

حالت میں ھیں۔ ایسانہ کرنا بیشتر خطرناك حادثات کا باعث ھوتا ھے۔ بریکس کتنے ھی اچھے کیوں نہوں رفتار کی تیزی کے ساتھ رکنے کا فاصلہ * بھی بڑھ جاتا ھے۔ ایسے چار چاکی بریکس جو اچھی حالت میں ھوں تخمیناً مندرجہ ذیل فاصلوں پر استعمال کئے جانے چاھیئں۔

رکنے کا فاصلہ بحساب فٹ

رفتار فی گھنٹہ	اچھی خشک سڑك پر	بہت چکنی سڑك پر
۲۰ میل	۲۰ فٹ	۵۵ فٹ
۳۰ ,,	۴۵ ,,	۱۲۸ ,,
۴۰ ,,	۸۰ ,,	۲۲۸ ,,
۵۰ ,,	۱۲۵ ,,	۳۵۵ ,,
۶۰ ,,	۱۸۰ ,,	۵۰۰ ,,

غیر معمولی اچھے بریکس والی موٹر دوثلث فاصلہ مندرجۂ بالا پر روکی جاسکتی ھے۔ صرف پچھلے بریکس کی موجودگی مندرجہ بالا فاصلوں میں اور (۱/۲) کا اضافہ کردیگی۔ خیال رکھیئے کہ اگر دفعتاً بریکس استعمال کئے جائیں تو اُن کا اثر گھٹ جاتا ھے اور ممکن ھے کہ موٹر پھسل جائے۔

* Stopping distance

(۳) رفتار اور قابو۔ موٹر کی رفتار ھمیشہ ٹرافک۔ سڑک اور موسمی حالات کی مناسبت سے ھونی چاھیئے۔ موٹر پوری طرح قابو میں رکھیئے اور اس فاصلہ کے اندر جو آپ کو صاف نظر آرھا ھو رکنے کے لئے تیار رھیئے۔

(۴) اشارات۔ جب آپ موٹر روکنا۔ آھستہ چلانا یا موڑنا چاھیں تو بلاتاخیر صحیح اشارہ کیجئے جس کی تفصیل آپ کے اجازت نامۂ رانیدگی* میں درج ھے (اس غرض کے لئے ھاتھ کے مکمل اشارے واضح طور پر معہ تصاویر ضمیمہ میں درج ھیں۔ ملاحظہ ھو صفحہ ۳۴)

جوانان کوتوالی متعینۂ انتظام ٹرافک کے اشاروں۔ ٹرافک کی علامتوں۔ اشاروں اور ھدایتی اعلانات پر خاص طور پر نظر رکھیئے۔

(اشارات جوانان کوتوالی متعینۂ انتظام ٹرافک علامات قنادیل یا دوسرے نشانات ٹرافک کی خلاف ورزی تحت دفعہ (۲۱) و (۵۷) قواعد کوتوالی بلدہ بابتہ سنہ ۱۳۴۴ف جرم ھے۔ جوانان کوتوالی کے اشاروں کی وضاحت معہ تصاویر ضمیمہ میں کیگئی ھے۔ ملاحظہ ھو صفحہ ۲۹)

* Driving licence

(٥) سفید لکیریں ۔ سڑك کی ،، سفید لکیروں" پر نظر رکھیئے اور نہایت احتیاط سے ان لکیروں کے اشارات کی پابندی کیجئے خواہ سڑك صاف ھی کیوں نہو ۔ سڑك کے کونوں کی سفید آڑی لکیروں کے قریب اپنی موٹر کو آھستہ کرلیا کیجئے باوجود اس کے کہ سامنے کوئی ٹرافك نہو ۔

(٦) آگے بڑھنا ۔ اگر آپ اپنے سامنے کافی دور تك نہ دیکھ سکتے ھوں تو ھرگز اپنی موٹر کو دوسری موٹر سے آگے نہ بڑھائیے ۔ یاد رکھیئے کہ کسی ڈھالو پہاڑ کی بالائی سطح یا کوئی کوزہ پشت پل اتناھی خطرناك ھے جتنی کہ ایك بے ڈھنگی موڑ ۔ اسلئے کہ سامنے سے آنیوالی ٹرافك نظر نہیں آسکتی ھمیشہ اس موٹر کے بالکل صاف * اشارہ کا انتظار کیجئے جس سے آپ اپنی موٹر آگے بڑھانا چاھتے ھوں لیکن یہہ یاد رکھیئے کہ ایسا اشارہ آپ کو اپنا ذاتی اطمینان کرلینے اور بحفاظت اپنی موٹر آگے بڑھانے کی ذمہ داری سے سبکدوش نہیں کر سکتا ۔ جب دوسرا شخص اپنی موٹر آگے بڑھا رھا ھو تو اسکی مزاحمت نہیں بلکہ مدد کیجئے ۔ ایسے موقع پر بالکل اپنی بائیں جانب ھوجائیے ۔ اگر سڑك صاف ھو تو اسکو بڑھنے کا اشارہ کیجئے ۔ ھرگز اپنی موٹر کی رفتار تیز نہ کیجئے ۔

* All clear

چوراہوں ۔ سڑک کی موڑوں اور اتصالات پر ہرگز موٹر دوسروں سے آگے نہ بڑھایئے ۔ ایسی موٹر سے ہرگز آگے نہ بڑھیئے جو دوسری موٹر سے آگے بڑھائی جارہی ہو

آگے بڑھ جانیکے بعد سڑک کی بائیں جانب ہوجایئے بشرطیکہ اس موٹر کی مزاحمت نہو جس سے آپ نے اپنی موٹر بڑھائی ہو ۔ مداخلت کی سعی نہ کیجیئے یاد رکھیئے کہ سڑک کی دائیں جانب سامنے سے آنیوالی ٹرافک کا حق مقدم ہے ۔ اسلئے آپ کو اپنی موٹر ہرگز دوسری موٹر سے آگے نہ بڑھانی چاہیئے تاوقتیکہ اس کا پورا اطمینان نہو جائے کہ اگر آپ اپنی موٹر بڑھا کر سڑک کی بائیں جانب لائیں تو سامنے سے آنیوالی موٹر یا اس موٹر کی جس سے آپ نے اپنی موٹر بڑھائی ہے کوئی مزاحمت نہوگی یا اسکو فوری رخ بدلنے کی ضرورت نہ پڑیگی ۔

جب ایسی موٹر بسوں سے جو ٹھہری ہوئی ہوں یا ٹھہرنے والی ہوں اپنی موٹر آگے بڑھانی ہو تو بغور دیکھ لیا کیجئیے کہ کہیں مسافرین اترنا یا چڑھنا تو نہیں چاہتے ہیں ۔ موقع کے لحاظ سے اپنی موٹر آہستہ کرلیجئیے یا ٹھہرا دیجئیے ۔ جب آپ

پیدل چلنے والوں ۔ سیکل سواروں یا مویشیوں کے بازو سے
گذر رہے یا آگے بڑھ رہے ہوں تو انکے اور اپنے درمیان
کافی فصل رکھیئے ۔ جب آپ بیل گاڑیوں کے بازو سے گذر
رہے یا آگے بڑھ رہے ہوں تو بطور خاص احتیاط کیجئے
کیونکہ اکثر بیل چمکتے ہیں ۔

بارش کے وقت اپنی موٹر نہایت آہستہ چلائے تا کہ
راھروؤں پر کیچڑ یا پانی اڑنے نہ پائے ۔

(ے) دوسری موٹروں کے پیچھے چلنا ۔ اپنی موٹر
دوسری موٹروں کے بالکل پیچھے نہ رکھیئے اسلئے کہ اگر
سامنے والی موٹر یکایک ٹھہرا دی جائے اور آپ کی موٹر
بالکل پیچھے ہو اور آپ یہ نہ دیکھہ سکتے ہوں کہ آن
موٹروں کے آگے کیا ہے تو ایسی حالت میں آپ اپنی
موٹر وقت پر نہ روک سکینگے ۔ اگر آپ کوئی موٹر بس یا
اس قسم کی متعدد سست رفتار موٹروں میں سے کوئی ایک
موٹر چلا رہے ہوں تو اپنی اور آگے والی موٹر کے درمیان
کافی فصل رکھیئے تاکہ کوئی دوسری تیز رفتار موٹر اگر
آپ کی موٹر سے آگے بڑھنا چاہے تو باسانی بڑھ سکے ۔ اور
اگر اسکی ضرورت ہو تو دوبارہ کسی اور موٹر سے آگے

بڑھنے کے قبل سڑک کی بائیں جانب ہوجائے۔

(۸) موڑ اور کونے۔ اسکا بطور خاص خیال رکھئے کہ سڑک کی موڑوں اور کونوں پر سامنے سے آنیوالی ٹرافک کیلئے کافی جگہ رہے۔ سڑک کے کونے بڑا دھوکہ دیتے ہیں۔ سڑک کی موڑوں پر جتنی احتیاط کی ضرورت ہے اتنی احتیاط کونوں پر بھی کرنی چاہیئے۔ سڑک کے کونے پر غلط طریقہ سے مڑنے کی مثال خاکۂ ذیل میں دی گئی ہے۔

صحیح اور محفوظ طریقہ سیاہ تیروں اور غلط طریقہ (جو عام طور پر رائج ھے) سرخ تیروں سے بتلایا گیا ھے۔

(۹) چوراھے اور اتصالات سڑک۔ کسی موٹر کو چوراھے پر "حق تقدیم" حاصل نہیں ھے۔ ایسی موٹر چلانیوالے کا جو چھوٹی سڑک سے بڑی سڑک پر آرھا ھو فرض ھوگا کہ جب وہ بڑی سڑک کے قریب پہنچے تو اپنی موٹر کو بالکل ھی آھستہ کرلے اور جو ٹرافک اس سڑک سے گذر رھی ھو اسکو گذرنے دے۔ جب آپ بڑی سڑک پر موٹر چلا رھے ھوں تو ھمیشہ چو طرف نظر رکھیئے اور تمام چوراھوں اور اتصالات پر نہایت احتیاط کیجئے۔ جب آپ کسی چوراھے پر بذریعۂ اشارۂ ٹرافک روک دیئے جائیں تو سفید آڑی لکیر کے پیچھے رک جائیے اور جب تک دوبارہ اشارہ نہ ملے آگے نہ بڑھیئے۔

خاکۂ بالا سے واضح ہوگا کہ شمالی اورجنوبی ٹرافک ۔ مشرق اور مغربی ٹرافک کو جاری رکھنے کیلئے کسطرح روکدی گئی ہے ۔

(۱۰) تنگ گلیاں اور راستے ۔ تنگ گلیوں اور راستوں میں موٹر نہایت آہستہ چلائے خواہ آپ آن سے کتنے ہی واقف کیوں نہوں ۔ بالخصوص ایسے اضلاع میں جہاں اچانک موڑیں ۔ چھپے ہوئے راستے ۔ مویشی اور دیگر رکاوٹیں غیر متوقع خطرات کا باعث ہوں ۔

(۱۱) موٹر کا رک جانا ۔ اگر کسی وقت آپ کی موٹر بوجہ خرابی رک جائے تو درستی کیلئے فورا سڑک کی بالکل بائیں جانب ہوجائے تاکہ دوسری ٹرافک کو زحمت اٹھانی نہ پڑے ۔

(۱۲) موٹروں کا ٹھہرانا ۔ ہمیشہ اپنی منزل مقصود یعنی دفتر ۔ مکان ۔ دوکان وغیرہ پر بائیں ہاتھ کی طرف سے پہنچنے کی کوشش کیجئے ۔ حتی الامکان اپنی موٹر کو سامنے سے آنیوالی ٹرافک کے مد مقابل نہ ٹھہرائے ۔ غلط طریقہ پر موٹر ٹھہرانا ایک خطرناک فعل ہے جس سے دوسرے راہروؤں کو بڑی تکلیف ہوتی ہے ۔ اپنی موٹر سڑک کے کسی کونہ ۔ موڑ ۔ اتصال ۔ یا بس اسٹانڈ کے بالکل قریب نہ ٹھہرائے ۔

(۱۳) رکاوٹ ۔ جوان ٹرافک سے اپنی موٹر اسکے قریب روک کر کوئی ایسا سوال نہ کیجئے جس کا جواب دوسرے بھی دیسکتے ہوں ۔ اگر آپ ایسا کرینگے تو دوسرے راہروؤں کی مزاحمت ہوگی ۔ علاوہ ازیں جوان ٹرافک کے فرائض پورے انہماک کے متقاضی ہوتے ہیں ۔

(۱۴) روشنی - اپنی موٹر کی صدر روشنیاں* بیضرورت نہ جلائے بالخصوص رات میں انہیں کھلی رکھکر موٹر نہ ٹھہرائے - اسلئے کہ سامنے سے آنے والی ٹرافک پریشان ہونیکے علاوہ چوندیا جائیگی - بازو کی روشنیاں کافی ہیں - اکثر موٹروں کی روشنیاں دھیمی کیجاسکتی ہیں - سامنے سے آنیوالی ٹرافک کیلئے روشنی کا دھیما کر دینا آپ کا اخلاقی فرض ہے -

(۱۵) موٹر کا ترم † - یاد رکھیئے کے ترم کا استعمال بشرط ضرورت سڑك پر آپ کی موجودگی کی اطلاع یا آگاہی کیلئے ہے - اسے بطور دھمکی استعمال نہ کیجئے - جب آپ کسی خطرہ کے قریب ہوں یا اپنی موٹر آگے بڑھانا چاہیں تو ترم بجائے - الا یہ کہ آپ کو اطمینان ہو کہ یہ احتیاط غیر ضروری ہے - آپ کو یقین نہ کرلینا چاہیئے کہ دوسروں نے ترم کی آواز سن لی ہے - کسی صورت میں بھی کوئی رانندہ ‡ صرف ترم بجا کر اپنی ذمہ داری سے بری نہین ہوسکتا بلکہ اوسکو خطرہ سے بچنے کیلئے ممکنہ احتیاطی تدابیر اختیار کرنی چاہئین - ترم بیضرورت نہ بجائے - ہمیشہ دوسروں کا خیال رکھیئے اور اسکو ہرگز اپنی ناراضگی اور تلون کے اظہار کا ذریعہ نہ بنائے -

* Head lights. † Horn. ‡ Driver.

(۱٦) اپنی قطار میں رھیئے۔ اگر ٹرافک رک جائے تو سبب دریافت کرنے یا آگے بڑہ جانیکی امید پر قطار توڑ کر سڑک کے بازو نہ نکل آئیے۔ چاھے کچہ ھی ھو ایسا کرنیسے اور خرابی پیدا ھوتی ھے اور بری طرح ٹرافک کے جکڑ جانے کا اندیشہ رھتا ھے۔

(۱۷) آپ کے خاص فرائض جو پیدل چلنے والوں۔ سیکل سواروں اور مویشی سے متعلق ھیں۔ پیدل چلنے والوں کے حقوق کا کافی لحاظ رکھیئے۔ معمر یا کمزور اشخاص اور کمسن اطفال اور ان کے محافظین کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آیئے۔ اس کا خاص خیال رکھیئے کہ آپکی وجہ سے بچے معرض خطر میں نہ پڑیں۔ یاد رکھیئے کہ ان کے اچانک سڑک پر آجانے کا امکان رھتا ھے۔ ان مقامات پر جہاں مدارس ھوں خاص احتیاط کیجئے۔ سیکل سوار۔ پیدل چلنے والوں اور مویشیوں کے بازو سے گذرتے یا آگے بڑھتے وقت انکے اور اپنے درمیان کافی فصل رکھیئے۔ اگر سڑک پر پانی یا کیچڑ ھو تو حتی الامکان اسکو مت اچھالیئے۔ گھوڑے اور ایسی گاڑیوں کا خاص خیال کیجئے جنکو مویشی کھینچتے ھوں۔

موٹرسیکل چلانے والوں کیلئے ہدایات

(۱) ہمیشہ دوسروں کا لحاظ رکھیئے - اخلاق سے پیش آئیے - اور احتیاط کیجئے - یادرکھیئے کہ موٹرسیکل چلانے والے کی حیثیت سے آپ پر بھی اُن قواعد کی پابندی لازمی ہے جو ایک موٹر چلانے والے کے لئے مقرر ہیں -

(۲) تھوڑی سی جگہ جو آپ کے لئے کافی ہے - آپ کی تیزرفتاری کی قابلیت - اور آپ کا فوراً رُک جانے پر آمادہ نہونا - ممکن ہے کہ آپ کو راستہ کاٹ کر دوسری گاڑیوں کے بیچ میں سے نکل جانیکی ترغیب دے - یہ ایک خطرناک عادت ہے جس کی بدولت اکثر حادثات وقوع میں آتے ہیں -

(۳) اپنی مہارت رانیدگی * پر بھروسہ کرنے سے بدرجہا بہتر ہے کہ آپ دوسروں کا خیال رکھیں اور احتیاط کریں -

(۴) اگر آپ خود کو خطرہ میں ڈالیں تو نہ صرف آپ کو بلکہ آپ کی وجہ سے دوسرے راھرؤں کو بھی خطرہ کا سامنا کرنا پڑیگا -

(۵) اچانک و پرشور اسراع † نہ صرف غیر ضروری بلکہ پریشان کن ہے -

* Driving skill. † Acceleration.

(٦) جس وقت ٹرانک رکی ہوئی ہو ساکت گاڑیوں کے درمیانی تنگ راستوں سے آگے بڑھنے کی کوشش نہ کیجئے۔ ممکن ہے کہ وہ یکایک چل پڑیں اور آپ نہ صرف ان کی مزاحمت کا باعث ہوں بلکہ خود کو بھی خطرہ میں ڈالیں۔

ایسی گاڑیاں ہانکنے والوں کیلئے ہدایات جنہیں مویشی کھینچتے ہوں

ضروری ترمیمات اور بعض صریح مستثنیات کے ساتھ موٹر گاڑیوں کیلئے جو قواعد وضع کئے گئے ہیں وہ ایسی گاڑیوں سے بھی متعلق ہیں جنہیں مویشی کھینچتے ہوں۔ انہیں دیکھیئے اور عمل کیجئے۔ ان قواعد پر جنکے عنوانات "اشارات" "سفید لکیریں" "آگے بڑھنا" "موڑ اور کونے" "موڑ کار کا جانا" ہیں بطور خاص توجہ مبذول کیجئے (جہاں تک وہ متعلق ہوسکتے ہیں)

یاد رکھیئے کہ آپ سست رفتار ہیں اسلئے آپ کو سڑک کی بالکل بائیں جانب رہنا چاہیئے۔ اگر آپ آداب وقواعد شوارع کی پوری پابندی نہ کرینگے تو ممکن ہے کہ آپ سخت مزاحمت بلکہ خطرہ کا باعث ہوں۔

محافظان مویشی کیلئے ہدایات

(۱) اگر آپ مویشیون کے محافظ کی حیثیت سے انکے ساتھہ پیدل یا سوار ہوکر جارہے ہوں توگزرنے یا آگے بڑھنے والی ٹرافك اور مویشیوں کے درمیان رهیئے۔

(۲) جب آپ سڑك کے آس پار جانا۔ رخ بدلنا۔ اور خصوصا اپنی دائیں جانب مڑنا چاھیں تو مناسب موقع کا انتظار اور مقررہ اشارہ کے ذریعہ اپنے ارادہ کا اظہار کیجئیے۔

(۳) حتی الامکان دوسری ٹرافك کے عبور ومرور کیلئے راستہ صاف رکھئیے

سیکل سواروں کے لئے ہدایات

(۱) ہمیشہ احتیاط کیجئے - اخلاق سے پیش آئیے اور دوسروں کالحاظ رکھیئے - آپ کی طرح دوسروں کو بھی سڑک پر چلنے کا حق حاصل ہے اور وسط سڑک پر تیز رفتار ٹرافک کا حق مرجح ہے - سیکل سواروں کو سڑک کے بائیں کنارہ پر رہنا چاھیئے - موٹر چلانے والوں کے بعض قواعد خفیف ترمیم کے ساتھ سیکل سواروں سے بھی متعلق ھیں انہیں پڑھیئے اورعمل کیجئے - ان قواعد پر جنکے عنوانات " رفتار اور قابو" "اشارات" " آگے بڑھنا" "سفید لکیر یں" ھیں خاص توجہ مبذول کیجئے - جب کبھی ضرورت ہو اپنی آمد سے دوسرے راھروں کو آگاہ کر دیجئے (گھنٹی بجا کر)

(۲) بریکس - روزانہ باھر جانے سے قبل اپنی سیکل کے بریکس کو آزما لیجئے - اور اگر کوئی نقص ھو تو فورا درست کرایئجئے -

(۳) قابو - ایک سمجھدار سیکل سوار اپنی سیکل ھمیشہ قابو میں اور نظر سامنے رکھتا ھے - وہ راستہ کی مشکلات کی پیش بینی کرتا - ھمیشہ چوکس رھتا - اور اگر ضرورت ھو تو فورا رک سکتا ھے -

(۴) اشارات ۔ ٹرافك کے تمام اشارون کی تعمیل کیجئیے ۔ دوسرے راھروؤں کی طرح آپ پر بھی ان کی پابندی لازمی ھے ۔ مڑتےوقت قبل از قبل صحیح اشارہ کیجئیے تا کہ آپ کے پیچھے جو گاڑیاں ھوں یا تو وہ آھستہ ھو جائیں یا رك جائیں ۔ دائیں جانب مڑتےوقت اپنا ھاتھ بتا کر فورا ھی نہ مڑ جائیے ۔ ایسا فعل ممکن ھے کہ آپ کی ھلاکت کا باعث ھو ۔ آپ کو قبل از قبل اشارہ کرنا چاھیئے ۔ یاد رکھیئے کہ موٹر گاڑی کی اوسط رفتار فی سکنڈ "۳۰ فٹ" ھے ۔

(۵) سلامت روی ۔ سیکل کبھی سڑك کی اس طرف اورکبھی آس طرف نہیں بلکہ سیدھی چلائیے ۔

(۶) رفتار اورخطرناك رانیدگی ۔ ھمیشہ دوسروں کے تحفظ کا خیال رکھیئے لاپروائی یاجلد بازی آپ کو ایك نہ ایك دن دواخانہ پہونچائیگی ۔

جن راستوں پر آمدورفت زیادہ ھو بہت احتیاط کیجئیے اور موٹر گاڑیوں یا دوسرے سیکل سواروں کے ساتھ مقابلہ کی کوشش نہ کیجئیے ۔ یہہ خطرناك ھے ۔ شارع عام کمالات دکھانے کے لئے نہیں ھے ۔ دستہ کی سلاخ *یاسامنے کے دوشاخے † پرپاون رکھکر یاسینہ پر ھاتھ

* Handle bar. † Fork.

باندھکر سیکل چلانا نا قابل تعریف لیکن خطرناک ھے۔
علی ھذا القیاس دفعتاً پلٹنا یا جھپٹنا۔ دوسری گاڑیوں کے
سہارہ چلنا۔ ٹرافک میں سے کترا کر نکلنا آڑی سلاخوں*
پر یا پس پشت کسی کو بٹھا کر لیجانا یا پچھلے پیہ کی ناہ† پر
کسی کو کھڑا کرنا خطرناک عادتیں ھیں۔ جو ممکن ھے کہ آپ
کی نہیں تو کسی اور کی ھلاکت کا باعث ھوں۔

(۷) پہلو بہ پہلو سواری کرنا۔ دوسرے سیکل سواروں
کے ساتھ تین چار کی تعداد میں پہلو بہ پہلو سواری نہ کیجئیے۔
اگر دوسری ٹرافک آپ سے بڑھنا چاھے تو ایک قطار میں
ھوجائیے تاکہ وہ باسانی گذر سکے الا اسکے کہ سڑک بہت
ھی کشادہ ھو۔

(۸) گیلی سڑکیں۔ خشک سڑک پر ربر کے ٹائروں کی
گرفت اچھی ھوتی ھے۔ لیکن گیلی سطح پر اُن کے پھسل
جانے کا ھر وقت امکان رھتا ھے۔ نزدیک سے مڑتے وقت
ھمیشہ احتیاط کیجئیے۔ اگر پیے پھسل جائیں تو ممکن ھے کہ
آپ کو سخت چوٹ آئے۔

(۹) پیچھے چلنا۔ دوسری گاڑیوں۔ خصوصاً موٹر بسوں
کے بالکل پیچھے سیکل نہ چلائیے۔ اُن کو آھستہ

* Cross bars. † Hub.

ہونے یافوراً رک جانے کےلئے کافی جھگہ رکھیئے۔

(۱۰) قطعات ٹرافک ۔کسی ساکت موٹرگاڑی کو بھی جب کہ ٹرافک روک دیگئی ہو نہ پکڑے رھئے اور نہ کسی * قطعہ ٹرافک میں ساکت گاڑیوں کے درمیانی تنگ راستوں سے آگے بڑھنے کی کوشش کیجئے ۔ ممکن ہے کہ وہ دفعتاً چل پڑیں ۔ ایسی صورت میں آپ نہ صرف اُن کی مزاحمت کا باعث ہونگے بلکہ خودکو بھی خطرہ میں ڈالینگے ۔

(۱۱) رات میں ۔ باھر جانے سے پہلے یہ دیکھ لیجئے کہ آیا آپ کی سیکل کی تندیل قابل کار ہے ۔ اور سرشام ھی سے آسے سلگا لیجئے۔ یاد رکھیئے کہ اندھیرے میں آپ کے پیچھے آنیوالی ٹرافک کو آپ بآسانی نظر نہیں آسکتے اسلئے حتی الامکان سڑک کی بائیں جانب رھیئے ۔ اگر آپ اپنی سیکل کو پچھلی لال تندیل نہیں لگایا کرتے تو لال " عکاس † "کوصاف و درست حالت میں رکھیئے ۔

(۱۲) گھنٹی بجانا ۔ مسلسل یا بہت زور سے گھنٹی بجانیسے پیدل چلنے والے دق ہو جاتے یا گھبرا جاتے ھیں ۔ ایسی حالت میں یہہ امکان ہے کہ وہ دوڑکرکسی گاڑی کے سامنے آجائیں اور حادثہ کا باعث ہوں ۔ لہذا سوچ سمجھکر گھنٹی بجائے ۔

* Traffic block † Reflector

(۱۳) یاد رکھیئے لاکھوں آدمیوں کو سڑک پر چلنے کا حق حاصل ہے اور آن میں سے آپ بھی ایک ہیں ۔

(۱۴) پیدل چلنے والوں کے حقوق کا احترام کیجیئے ۔
معمر یا معذور اشخاص اور کمسن بچے اور ان کے محافظین بطور خاص آپ کی خوش اخلاقی کے محتاج ہیں ۔ بچوں کا بہت خیال رکھیئے ۔ ایسا نہو کہ آپکی وجہ سے وہ خطرہ میں پڑیں ۔ یاد رکھیئے کہ ان کے اچانک سڑک پر آجانے کا امکان رہتا ہے ۔ آن مقامات پر جہاں مدارس ہوں خاص احتیاط کیجئے ۔ پیدل چلنے والوں اور مویشیوں کے بازو سے گذرتے یا آگے بڑھتے وقت آن کے اور اپنے درمیان کافی فصل رکھیئے ۔

پیدل چلنے والوں کے لئے ہدایت

(۱) سنگ بستہ یا پیدل راستہ ۔ جہاں پیدل راستے موجود ہوں ہمیشہ آن پر سے چلنا چاہیئے ۔ جہاں موجود نہوں سڑک کے بالکل کنارہ کنارہ چلنا چاہیئے ۔

نوٹ :۔ بہتر تو یہہ ہے کہ ہمیشہ سڑک کی بائیں جانب چلا کیجئے تاکہ آنیوالی ٹرافک کا سامنا رہے ۔

(۲) سڑک کے اس پار جانا۔ سڑک کے اس پار جانے سے پہلے دائیں بائیں دیکھکر اس کا اطمینان کر لیجئیے کہ کوئی خطرہ نہیں ھے ۔ آنیوالی ٹرافک کو دیکھیئے اور اس کی رفتار کو مدنظر رکھیئے ۔ یاد رکھیئے کہ موٹر گاڑی آپ سے تقریباً دس گنا تیز چلتی ھے ۔ جتنے عرصہ میں آپ ۹ فٹ راستہ طے کرتے ھیں اتنے ھی عرصہ میں وہ ۹۰ فٹ راستہ طے کرتی ھے ۔ لھذا سڑک کے اس پار جاتے وقت تیز رفتار گاڑیوں کا خیال رکھنا بہت ضروری ھے ۔ پیدل راستہ سے سڑک پر آتے وقت آنیولی ٹرافک کی طرف ایک نظر ڈال لیجئیے ۔ گاڑیوں یا دوسرے موانعات کے پیچھے یا سامنے سے جن کے باعث ٹرافک برابر نظر نہ آتی ھو سڑک پر آتے وقت خاص احتیاط کیجئیے ۔

اتصالات سڑک پر جہاں ٹرافک کی رھنمائی جوانان کوتوالی یا دیگر علامات کے ذریعہ کی جاتی ھے اس سے فائدہ اٹھائیے اور سڑک کے اس پار ٹرافک کی متعلقہ قطار رکنے کے بعد جائیے ۔ جوان کوتوالی متعینۂ ٹرافک کی ھدایات کی تعمیل کیجئیے اور کبھی اس کے پیچھے سے سڑک کے اس پار نہ جائیے ۔ چوراھے کے قریب سے کبھی ایسی سڑک کے اس پار نہ

جائے جس پر آمد ورفت زیادہ ہو۔ ایسے مقام پر ٹرافک کی کثرت رہتی ہے۔ آگے بڑھکر کسی موزوں ومحفوظ مقام کا انتخاب کیجئے۔ حتی الامکان سڑک کے اس پار سیدھے جائیے۔ کبھی اسطرح نہ جائیے۔ آپ اس پار پہونچ ہی نہ سکینگے۔

(۳) ہوشیار رہیئے۔ اکثر حادثات اسلئے ہوتے ہیں کہ پیدل چلنے والے دائیں بائیں دیکھے بغیر سڑک کے اس پار دوڑتے ہیں۔ اطمینان سے کام لیجئے اور موقع کا انتظار کیجئے۔ دفعتاً کسی آنیوالی گاڑی کے سامنے سے سڑک کے اس پار دوڑکر اپنی جان خطرہ میں نہ ڈالئے۔ جہاں آپ ٹہرے ہیں وہیں کچھ دیر بخیروخوبی ٹہرے رہیئے۔

(۴) دوراندیشی۔ یاد رکھیئے کہ سڑک کسی ایک قسم کی ٹرافک کا اجارہ نہیں ہے۔ دوسروں کا لحاظ کیجئے اور خواہ مخواہ خطرہ میں نہ پڑئیے۔ یہ کچھ ضروری نہیں ہے کہ جس آدمی کیوجہ سے حادثہ واقع ہو اسی کو زیادہ چوٹ آئے۔

(۵) اخلاق سے پیش آیئے ۔ سڑك کے آس پار جانے میں ہوڑ ہے ۔ کمزور اور معذور اشخاص کی مدد اور کمسن بچوں کا خاص خیال کیجئے ۔

(٦) موڑوں پر کھڑے رہنا ۔ سڑك پر ادھر آدھر کھڑے نه رهیئے خصوصاً ٹولیوں کی شکل میں ۔ چھپی ہوئی موڑوں اور خطرناك مقامات پر آپ کی موجودگی نه صرف آپ کے لئے بلکه دوسروں کیلئے بھی خطره کا باعث ہوگی ۔ شارع عام مقامی خبروں اور دوسرے امور پر بحث کرنے کی جگه نہیں ہے ۔ یہه طریقه نہایت ناعاقبت اندیشانه اور خطرناك ہے ۔

(۷) اشارات ٹرافك ۔ ٹرافك کے اشارے نه صرف پیدل چلنے والے کے لئے ہیں بلکه جمله گاڑیوں کے لئے بھی ۔ انہیں بغور دیکھیئے ۔ آپ کو هر قسم کی گاڑیاں چلانیوالوں اور ٹرافك کے جوانوں کے اشاروں سے واقف ہونا چاهیئے ۔ وہ آپ کی مدد اور رهنمائی کرینگے ۔

(۸) چلتی ہوئی موٹربسوں میں سوار ہونا ۔ چلتی ہوئی موٹر بس میں هرگز نه سوار ہوئیے ۔ ایك ذرا سی غلطی آپ کا کوئی عضو ضائع کردیگی ۔ موٹر بس سے اتر جانے کے بعد

اس کے پیچھے سے بکدم سڑک کے اس پار جانیکی ہرگز کوشش نہ کیجئے خواہ آپ کو کتنی ہی دیر کیوں نہو۔

(۹) کتے اور دوسرے مویشی۔ ایسی سڑکوں پر جہاں ٹرافک زیادہ ہو اپنے کتے کو بغیر زنجیر کے ساتھہ نہ رکھیئے۔ ایسا کتا یا مویشی جو سڑک پر کھلا پھرے نہ صرف اپنے لئے بلکہ دوسروں کیلئے بھی خطرناک ہے۔

(۱۰) بچے۔ اپنے بچوں کو سڑک پر چلنے کا صحیح طریقہ سکھائیے۔ انہیں دوسرں کی مشکلات اور سڑک کے خطرات سے آگاہ کیجئے۔

بچوں کیلئے ہدایات

کیا تم حادثات کے انسداد کی ممکنہ کوشش کر رہے ہو؟

سڑکوں پر بہت حادثات ہوتے ہیں۔ اور ہر ایک آدمی انکی تعداد کم کرنیکی کوشش کر رہا ہے۔ تمہاری مدد کی بھی ضرورت ہے۔ "تحفظ کا کھیل *" کھیلو جس کے قواعد ذیل مین درج کئے جاتے ہیں۔ انہیں یاد رکھو اور عمل کرو۔ حادثات کے انسداد میں دوسرے مدارس سے بازی لیجانیکی

* Safety game

کوشش کرو اور آنکے عدم وقوع کی نسبت اپنے مدرسہ کی مثال قائم کردو

(۱) ہمیشہ سڑك کے آس پار جانیسے پہلے ٹھیرو۔ دائیں بائیں دیکھلو اور اگر سڑك صاف ھے تو جلدی سے نکلجاؤ۔

(۲) ہمیشہ مدرسہ سے واپس ہونا ہو یا گیند یا چاك* لانے کے لئے جانا ہو تو سڑك پر دوڑ کر نکلنے سے پہلے ٹھیر جاؤ اور ادھر آدھر دیکھہ لو۔

(۳) ہمیشہ زیادہ آمد و رفت والی سڑکوں کے آس پار جانا ہو تو ایسی جگہہ سے جاؤ جہاں جوان کوتوالی کھڑا ہو

(۴) ہمیشہ موڑوں پر مڑنے والی گاڑیوں پر نظر رکھو۔

(۵) ہمیشہ ہدایتی علامات اور اشارات کو دیکھو اور سنو۔

(۶) ہمیشہ بس میں چڑھنے یا آترنے سے پہلے اس کے رکنے کا انتظار کرو۔

(۷) ہمیشہ سڑك پر اپنے سے چھوٹے بچوں کی رہنمائی کرو۔

(۸) ہرگز سڑك پر "پار جانے میں آخر†" کھیل نہ کھیلو۔

*- Hoop † Last across

(۹) ہرگز موٹر گاڑیوں۔ لاریوں۔ بیل اور دوسری گاڑیوں کے پیچھے نہ بھاگو اور نہ انہیں پکڑو۔

(۱۰) ہرگز سڑک پر ایک دوسرے کی چیزیں نہ پھینکو اور نہ ایک دوسرے کو ڈھکیلو۔

سیکل چلاتے وقت

۱۔ ہرگز کسی دوسرے کی سیکل کے پیچھے۔ آڑی سلاخ یا دستہ کی سلاخ پر نہ بیٹھو۔

۲۔ ہمیشہ اپنی سیکل کے بریکس اور پچھلا لال عکاس اچھی حالت میں رکھو۔

۳۔ ہمیشہ چوراہہ پر سیکل آہستہ چلاؤ اور اگر راستہ صاف نہ ہو تو اتر جاؤ۔

ضمیمہ

ٹرافک کے اشارے جن سے ہر راہرو کو واقف ہونا چاہیئے

حصہ اول

جوانان کوتوالی اور اُن لوگوں کے اشارے جو انتظام ٹرانک پر متعین ہوں۔

مصرحہ ذیل اشاروں کو روزمرہ انتظام ٹرافک کیلئے سرکاری طور پر تسلیم کرلیا گیا ہے۔ غیر معمولی صورتوں میں اور بعض اتصالات سڑک کی انوکھی ترتیب کیوجہ سے ممکن ہے کہ دوسرے اشاروں کی بھی ضرورت ہو۔

رانندوں کو یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ ایک دفعہ جب اُن کو روک دیا جائے تو جوان کوتوالی اپنا ہاتھ نیچے کر سکتا یا دوبارہ اشارہ کرنے کے لئے استعمال کرسکتا ہے۔ جب تک وہ اشارہ کے ذریعہ اجازت نہ دے حرکت نکرنی چاہیئے۔

نشان (۱) تا (۴) اشاروں کی تصویریں خصوصیت کے ساتھ یہ بتلانے کے لئے کھینچی گئی ہیں کہ جن راندوں کو وہ کئے جائیں انہیں کسطرح دکھائی دیتے ہیں۔

راندوں کو "بڑھو" کے اس اشارہ میں جو انہیں اور دوسری ٹرافك کو کیا جائے احتیاط سے امتیاز کرنا چاہیئے۔ یہ اشارہ اولاً جوان کوتوالی آنکی طرف دیکھکر کریگا۔ خاص طورپر یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ "بڑھو" کا کوئی اشارہ ایسے راندوں سے متعلق نہوگا جنکی طرف جوان کوتوالی کی پیٹ ہو۔

"بڑھو" کے اشارے نہ صرف ایسی گاڑیوں کو آگے بڑھانے کیلئے کئے جاتے ہیں جنہیں روك دیا گیا ہو بلکہ آنکے ذریعہ آنیوالی گاڑیوں پربھی یہ ظاہر کیاجاتا ہے کہ راستہ صاف ہے۔

نشان (۱)

نشان (۱) سامنے یا بازو
سے آنیوالی گاڑی کو روکنے
کیلئے جوان کوتوالی بالکل آسکی
طرف منھ کر کے اپنا دایاں
ھاتہ دائیں کاندھے کے اوپر
جھان تك وہ اٹھ سکے اٹھاتا
اور اپنی ھتیلی آسکی طرف
کرتا ھے۔

نشان (۲)

نشان (۲) پیچھے سے
آنیوالی گاڑی کو روکنے کیلئے
جوان کوتوالی اپنا بایاں
ھاتھ کاندھے کی سیدھ میں
اُٹھاتا ھے اور آسے اسطرح
تانے رکھتا ھے کہ پچھلا
حصہ گاڑی کی طرف رھے۔

نشان (۱ و ۲)

نشان (۱ و ۲)۔ سامنے اور پیچھے سے بیك وقت آنیوالی گاڑیوں کو روکنے کیلئے جوان کوتوالی اوپر کے دو اشارے یعنی نشان (۱) اور (۲) ایك ساتھ کرتا ہے۔

نشان(۳) یہ صورت آس راننده کو نظر آئیگی جسے اشاره کیا ہو۔

نشان (۳)۔ اپنے سامنے سے گاڑی بڑھانیکے لئے جوان کوتوالی رانندہ کی طرف دیکھتا اور اپنا دایاں ہاتھ اچھی طرح کاندھے سے اوپر اوٹھا کر اشارہ کرتا ہے۔

نشان (۳) یہہ صورت آن راندوں
کر نظر آئیگی جنہیں اشارہ کیا جائے۔

نشان (۴) اپنی دائیں یا بائیں جانب
سے گاڑی بڑھانے کیلئے جوان کوتوالی
آس رانندہ کی طرف دیکھتا ھے جسے
وہ اشارہ کرنا چاھتا ھے اور آسکو اپنا
دایان (یا بایان) ھاتھہ کاندھے سے اچھی
طرح اوپر اٹھاکر بلاتا ھے۔

حصہ دوم

اشارے جو راندوں کو کرنے چاھئیں۔

(الف) اشارے جو دوسری گاڑیاں چلانے والوں کو کئے جانے چاھئیں

نشان (۱) " میں آھستہ ہونا ۔ رکنا ۔ یا بائیں جانب مڑنا چاھتا ہوں "۔

دایاں ھاتھ اسطرح بڑھاؤکہ ھتیلی نیچے کی طرف رھے اور کلائی ڈھیلی چھوڑ کر آھستہ آھستہ اوپر نیچے ھلاؤ۔

نشان (۲) " میں دائیں جانب مڑناچاھتا ہوں "۔

(جب کبھی کسیکو آگاہ کرنا ہوکہ " میری دائیں جانب سے آگے بڑھنا خطرناک ھے " تو یہہ اشارہ کیاجاسکتا ھے)

دایاں ھاتھ اسطرح بڑھاؤکہ ھتیلی سامنے کی طرف رھے اور اسے گاڑی کے باھر دائیں جانب تانے رکھو۔

نشان (۳) "میری دائیں جانب سے آگے بڑہ سکتے ہو"
(یہہ اشارہ صرف آسوقت کرنا چاھیئے جب آگے بڑھنے والی گاڑی کو کوئی خطرہ نہو۔ آگے بڑھنے والا رانندہ ذاتی طور پر یہہ اطمینان کرنے سے کہ وہ بحفاظت آگے بڑہ سکتا ھے سبکدوش نہیں کیا گیا ھے)

دایاں ہاتھہ بڑھاؤ اور آسے کاندھے کی سطح سے نیچے رکھکر آگے پیچھے ہلاؤ۔

(ب) اشارے جو رانندے جوان کوتوالی کو کرینگے۔

جملہ گاڑیوں کے رانندوں کو چاھیئے کہ جب وہ کسی جوان کوتوالی متعینہ انتظام ٹرافك کے قریب پہونچیں تو آسے ذیل کے اشاروں میں سے کوئی ایك اشارہ کرکے جس طرف جانا ھو بتادیں۔ تصاویر میں تو یہ بتایا گیا ھے کہ اشارے دائیں ھاتھہ سے کئے جارھے ھیں لیکن سہولت کی خاطر اشارات نشان(۴) و (۵) بائیں ھاتھہ سے بہی کئے جاسکتے ھیں۔

نشان (۴) " میں سیدھا جانا چاھتا ہوں "

ھاتھ کاندھے کی طرف اٹھاو
اور اگلا حصہ کھڑا رکھکر
بسطح عمودی حرکت دو۔
یہہ حرکت نمایاں ہونی چاھیئے
تاکہ جوان کو توالی آسانی سے
دیکھہ سکے۔

نشان (۵) " میں اپنی بائیں جانب مڑنا چاھتا ہوں "

نمایاں طور پر ھاتھہ بائیں
طرف بتاؤ۔ تاکہ جوان کوتوالی
باسانی دیکھہ سکے۔

نشان (٦) ”میں اپنی دائیں جانب مڑنا چاہتا ہوں “

اشارہ نشان (٢) کیجئے